[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 1594** **L**

Unique Paper Code : 2142101202

Name of the Paper : Study of Modern Ghazal

Name of the Course : **B.A. (H)**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

**نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔**

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔ ۳۰

(الف)

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں — کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں
لحد میں کیوں نہ جاؤں منہ چھپا کے — بھری محفل سے اٹھوایا گیا ہوں
یہ سب نا آشنائے لذت پرواز ہیں شاید — اسیروں میں ابھی تک شکوۂ صیاد ہوتا ہے
یہاں کوتاہی ذوق عمل ہے خود گرفتاری — جہاں بازو سمٹتے ہیں وہیں صیاد ہوتا ہے
دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے — موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے
دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم — بستی بستا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے

(ب)

چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے — ہم کو اب تک عاشقی کا وہ زمانا یاد ہے
تجھ سے کچھ ملتے ہی وہ بے باک ہو جانا مرا — اور ترا دانتوں میں وہ انگلی دبانا یاد ہے
کھینچ لینا وہ مرا پردے کا کونا دفعتاً — اور دوپٹے سے ترا وہ منہ چھپانا یاد ہے
غیر کی نظروں سے بچ کر سب کی مرضی کے خلاف — وہ ترا چوری چھپے راتوں کو آنا یاد ہے
دوپہر کی دھوپ میں میرے بلانے کے لیے — وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ہے
شوق میں مہندی کے وہ بے دست و پا ہونا ترا — اور مرا وہ چھیڑنا وہ گدگدانا یاد ہے

۲۔ اردو میں غزل کے عہد بہ عہد ارتقا پر اظہارِ خیال کیجیے۔ ۱۵

۳۔ شاد عظیم آبادی کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

۴۔ حسرت موہانی کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵

۵۔ جگر مرادآبادی کی غزل کی امتیازی خصوصیات تحریر کیجیے۔ ۱۵

۶۔ 'اصغر گونڈوی کی غزل میں تصوف' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔ ۱۵

۷۔ فانی کی غزل گوئی پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔ ۱۵

۸۔ ناصر کاظمی کی غزل گوئی کی انفرادی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

۹۔ غزل کے فن پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵